سوال

(01) رمضان المبارک میں عمرہ کی فضیلت سے متعلق حدیث

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رمضان المبارک میں عمرہ کی فضیلت سے متعلق کوئی حدیث وارد ہوئی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں! رمضان المبارک میں عمرہ کی فضیلت سے متعلق صحیح مسلم شریف میں حدیث مروی ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"عُمْرَةٌ فِي رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً"

ترجمہ: رمضان میں عمرہ کرنا حج کے برابر ہے۔

اور ایک دوسری روایت میں ہے:

تَعْدِلُ حَجَّةً مَعِي

ترجمہ: میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے۔ ([1])

---

(1) دیکھئے مسلم شریف: 256 الحج فضل العمرة فی رمضان۔ عن ابن عباس نیز بخاری شریف: 1782، 1863 الحج۔ عن ابن عباس۔